© rasailojaraid.com

عبدالمنان راز کاشمیری

# تعارف و تبصرہ کتب

نام کتاب : آئینۂ حق (دوسرا ایڈیشن)

مصنف : مولانا ابوالنصر منظور احمد شاہ صاحب

ضخامت : ۱۲۸ صفحات

قیمت : ۶/۵۰ روپے

ناشر : مکتبہ فریدیہ ، ہائی سٹریٹ ساہیوال

یہ خوبصورت کتاب عیسائیت کے رد میں ہے۔ جس میں عیسائی مشنری کی طرف سے عام طور پر کئے جانے والے اعتراضات کا جواب ہے۔ کتاب سوالاً جواباً ہے، جس سے بہر حال مطالعہ کے وقت وہ لطف و انہماک نہیں رہتا جو ایک مسلسل عبارت سے ہوتا ہے لیکن کتاب کی افادیت سے انکار نہیں۔ وہ حضرات جن کا عیسائیوں سے بحث و مباحثہ ہوتا ہے یا وہ لوگ جو عیسائیوں میں تبلیغ اسلام کرنا چاہتے ہوں ان کے لئے یہ کتاب نہایت مفید ہے۔ اس میں تقریباً وہ تمام ہی مباحث آگئے ہیں جو مسیحیت اور اسلام کی بحث کے سلسلہ میں پیش آسکتے ہیں۔

مولانا منظور احمد شاہ صاحب بریلوی مسلک سے تعلق رکھتے ہیں۔ اگرچہ تبصرہ میں ہم اس نشاندہی سے گریز ہی مناسب سمجھتے تھے لیکن دو عبارتوں میں تضاد نظر آیا اس لئے حیرت کے ساتھ اس کا اظہار کرنا پڑتا ہے۔ دلیوں بھی مصنف نے اس کتاب میں خود اس کی نشاندہی کی ہے۔ صفحہ ۱۱۸)

یہ تضاد، درج ذیل ہے:

© rasailojaraid.com